احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعہ 24/اکتوبر 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 24/اکتوبر 2008ء 24 شوال 1429 ہجری 24/اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 243

ہم تیری پناہ میں آتے ہیں

حضرت ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ گھر سے نکلتے ہوئے یہ دعا کرتے تھے۔ اللہ کے نام کے ساتھ میں گھر سے باہر نکلتا ہوں۔ میں نے اللہ پر توکل کیا۔ اے اللہ! ہم تیری پناہ میں آتے ہیں۔ اس بات سے کہ ہم کوئی لغزش کھائیں یا گمراہ ہوں یا کسی پر ظلم کریں یا ہم پر ظلم کیا جائے یا ہم جہالت یا نافرمانی کی کوئی بات کریں یا ہمارے خلاف کوئی جہالت کی جائے۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات حدیث نمبر 3349)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں خدا تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے ایک مخلص اور وفادار جماعت عطا کی ہے۔ میں دیکھتا ہوں کہ جس کام اور مقصد کے لئے میں ان کو بلاتا ہوں۔ نہایت تیزی اور جوش کے ساتھ ایک دوسرے سے پہلے اپنی ہمت اور توفیق کے موافق آگے بڑھتے ہیں اور میں دیکھتا ہوں کہ ان میں ایک صدق اور اخلاص پایا جاتا ہے۔ میری طرف سے کسی امر کا ارشاد ہوتا ہے اور وہ تعمیل کے لئے تیار۔ حقیقت میں کوئی قوم اور جماعت تیار نہیں ہوسکتی۔ جب تک کہ اس میں اپنے امام کی اطاعت اور اتباع کے لئے اس قسم کا جوش اور اخلاص اور وفا کا مادہ نہ ہو۔............

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے وہ صدق و وفا کا نمونہ دکھایا، جس کی نظیر دنیا کی تاریخ میں نہیں مل سکتی۔ انہوں نے آپ کی خاطر ہر قسم کا دکھ اٹھانا سہل سمجھا۔ یہاں تک کہ عزیز وطن چھوڑ دیا۔ اپنے املاک واسباب اور احباب سے الگ ہو گئے اور بالآخر آپ کی خاطر جان تک دینے سے تامّل اور افسوس نہیں کیا۔ یہی صدق اور وفا تھی جس نے ان کو آخر کار بامراد کیا۔............

میں دیکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے میری جماعت کو بھی .... ایک جوش بخشا ہے اور وہ وفاداری اور صدق کا نمونہ دکھاتے ہیں۔ جس دن سے میں نے نصیبین کی طرف ایک جماعت کے بھیجنے کا ارادہ کیا ہے۔ ہر ایک شخص کوشش کرتا ہے کہ اس خدمت پر مامور کیا جائے اور دوسرے کو رشک کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور آرزو کرتا ہے کہ اس کی جگہ اگر اس کو بھیجا جائے۔ تو اس کی بڑی ہی خوش قسمتی ہے۔ بہت سے احباب نے اس سفر پر جانے کے لئے اپنے آپ کو پیش کیا............ میں جانتا ہوں کہ وہ لوگ جنہوں نے بصد مشکل اور سچے اخلاص کے ساتھ اپنے آپ کو اس خدمت کے لئے پیش کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی پاک نیتوں کے ثواب کو ضائع نہیں کرے گا اور وہ اپنے اخلاص کے موافق اجر پائیں گے۔

دور دراز بلاد اور ممالک غیر کا سفر آسان امر نہیں ہے؛ اگرچہ یہ سچ ہے کہ اس وقت سفر آسان ہو گئے ہیں، لیکن پھر بھی یہ کس کو علم ہوسکتا ہے، کہ اس سفر سے کون زندہ آئے گا۔ چھوٹے چھوٹے بچے اور بیویوں اور دوسرے عزیزوں اور رشتہ داروں کو چھوڑ کر جانا کوئی سہل بات نہیں۔ اپنے کاروبار اور معاملات کو ابتری اور پریشانی کی حالت میں چھوڑ کر ان لوگوں نے اس سفر کو اختیار کیا ہے اور انشراح صدر سے اختیار کیا ہے، جس کے لئے میں یقین رکھتا ہوں کہ بڑا ثواب ہے۔ ایک تو سفر کا ثواب ہے، کیونکہ یہ سفر محض خدا تعالیٰ کی عظمت اور توحید کے اظہار کے واسطے ہے۔ دوسرے اس سفر میں جو جو مشقتیں اور تکالیف ان لوگوں کو اٹھانی پڑیں گی، ان کا بھی ثواب ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی کی نیکی کو ضائع نہیں کرتا، جبکہ .... (الزلزال:8) کے موافق وہ کسی کی ذرہ بھر نیکی کے اجر کو ضائع نہیں کرتا، تو اتنا بڑا سفر جو اپنے اندر ہجرت کا نمونہ رکھتا ہے۔ اس کا اجر کبھی ضائع ہوسکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ ہاں یہ ضروری ہے کہ صدق اور اخلاص ہو۔

(ملفوظات جلد اول ص 223)

ضرورت محررین/انسپکٹران

دفاتر تحریک جدید میں آئندہ سال کی ضرورت کے مدنظر محررین/انسپکٹران کی درخواستیں مطلوب ہیں۔ خواہشمند احباب جو خدمت سلسلہ کا جذبہ رکھتے ہوں، وہ اپنی درخواستیں تعلیمی سندات، قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور ایک عدد تصویر کے ہمراہ مورخہ 15/نومبر 2008ء تک امیر/پریذیڈنٹ کی سفارش کے ساتھ وکالت دیوان تحریک جدید کو بھجوا دیں۔ امیدوار کا ایف اے/ایف ایس سی میں کم از کم سیکنڈ ڈویژن ہونا ضروری ہے۔ بی اے/بی ایس سی بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ امیدوار کمپیوٹر یا اکاؤنٹس میں تجربہ رکھتے ہوں۔ امیدوار کی عمر 35 سال سے زائد نہیں ہونی چاہیئے۔ معیار پر پورا اترنے والے امیدواران کا تحریری ٹیسٹ 17 نومبر 2008ء کو بیت المحمود حلقہ کوارٹرز تحریک جدید میں صبح 10:00 بجے ہوگا۔

تحریری امتحان کیلئے نصاب حسب ذیل ہوگا۔

1۔ قرآن مجید پہلا نصف پارہ (ترجمہ کے ساتھ)
2۔ نماز مکمل۔ ترجمہ کے ساتھ
3۔ حدیث۔ آخری دس احادیث (چالیس جواہر پارے)
4۔ کتب حضرت مسیح موعود (رسالہ الوصیت، کشتی نوح)
5۔ انگریزی/حساب مطابق معیار ایف۔ اے ایف۔ ایس سی
6۔ عام دینی معلومات (شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ)

(وکیل الدیوان تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

ٹیڑھے دانتوں کا علاج

فضل عمر ہسپتال ربوہ کے سیمینار ہال میں ٹیڑھے دانتوں کا علاج اور فکسڈ بریسز (Fixed Braces) کی اہمیت کے موضوع پر مورخہ 30/اکتوبر 2008ء کو بوقت شام 5:30 بجے ایک سیمینار منعقد ہو رہا ہے۔ محترم ڈاکٹر طلحہ جنود صاحب اس سیمینار میں آگاہی صحت عامہ کے سلسلہ میں معلومات بہم پہنچائیں گے۔ سیمینار میں شرکت کے خواہشمند حضرات استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ کر کے دعوت نامہ حاصل کر لیں اور اس موقع سے مستفید ہوں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 506)

برکات حضرت مسیح موعود کے ایمان پرور مشاہدات

حضرت نانا جان میر ناصر نواب صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

’’مردان میں میرا دل نہیں لگتا تھا۔نہایت پریشانی کی حالت میں چند ماہ میں نے وہاں گزارے۔ آخر گھبرا کر میں نے فرلو لے لی اور ہنوز فرلو ختم نہیں ہوئی تھی۔ کہ میری پنشن منظور ہوگئی اور میں قادیان میں ہمیشہ کے لئے مقیم ہوگیا۔ میں جس وقت قادیان میں آیا تھا۔ وہ زمانہ تھا کہ جب شریف احمد پیدا ہوئے تھے۔محمد اسمٰعیل کو اس وقت لاہور میں تعلیم کے لئے بھیجا گیا۔ وہ لاہور میں تعلیم پاتے رہے۔ ایف اے پاس کرنے کے بعد اسسٹنٹ سرجن کلاس میں داخل ہوئے اور پانچ برس کے بعد امتحان پاس کرکے اول رہنے کے سبب سے ہوس سرجن بنے اور اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے اپنے ہم چشموں اور ہمعصروں میں معزز اور ممتاز ہیں۔

یہ سب حضرت صاحب کی دعاؤں کی برکت ہے۔جن کے مجھ پر اور میرے متعلقین پر بے انتہاء کرم تھے۔محمد اسحٰق کی عمر اس وقت پانچ سال کی تھی اور لاغرو بیمار رہا کرتا تھا۔ مدرسہ میں تیسری جماعت میں پڑھا کرتا تھا۔ چونکہ اسے اکثر بخار رہنے لگا۔ میں نے سمجھا کہ اگر تعلیم جاری رہی تو یہ بچہ ہلاک ہوجاوے گا۔اس لئے مدرسہ سے اٹھا لیا۔ تھوڑا عربی کا سبق مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم سے جاری رکھا۔ جب حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کا انتقال ہوگیا۔ تو حضرت خلیفۃ المسیح سے تعلیم شروع کی اور چند سال بعد مولوی کا امتحان دیا اور اول نمبر پر پاس ہوا۔ پھر گزشتہ سال میں مولوی فاضل کا امتحان دے کر پاس کیا اور اب مدرسہ احمدیہ میں معلم ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کسی دن پروفیسر ہوگا۔

بندہ سرکاری نوکری سے فارغ ہوکر حضرت مسیح موعود کی خدمت میں مشغول ہوگیا۔ گویا کہ میں ان کا پرائیویٹ سیکرٹری تھا۔ خدمتگار تھا۔ انجینئر تھا۔ مالی تھا۔ زمین کا مختار تھا۔ معاملہ وصول کیا کرتا تھا۔ میں نے حضرت صاحب کے اکثر معجزات بچشم خود دیکھے۔ بلکہ خود میری ذات اور میرے گھر والوں اور بچوں پر ان کا اثر ہوا۔ زلزلہ کے وقت نہایت اندیشہ ہوا۔ کہ خدا جانے محمد اسمٰعیل کا کیا حال ہوا ممکن ہے زلزلہ میں کہیں کسی مکان کے تلے دب کر مر گیا ہو۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ مرا نہیں۔ مجھے الہام ہوا ہے کہ ڈاکٹر محمد اسمٰعیل وہ ڈاکٹر ہوگا۔ محمد اسحاق کو دو دفعہ طاعون ہوا۔ آپ کی دعا سے اچھا ہوا اور آپ نے پہلے ہی فرما دیا تھا کہ یہ مرے گا نہیں۔

ایک دفعہ تین چار گھنٹہ میں بخار بھی جاتا رہا اور گلٹیاں بھی دور ہوگئیں۔ مجھے ایک دفعہ سخت گردہ کا درد ہوا۔ میں نے جب آپ کو بلایا تو دیکھ کر فوراً واپس ہو گئے۔ تنہائی میں جاکر دعا شروع کردی۔ جس کا اثر فوراً ہوا اور یہ عاجز اچھا ہوگیا۔ ایک دفعہ ہم سب حضرت مرزا صاحب کے ہمراہ دلی گئے۔ وہاں میں سخت بیمار ہوگیا۔ ڈاکٹر یعقوب بیگ صاحب اور محمد اسمٰعیل میرا بیٹا سخت پریشان ہوگئے۔ حضرت صاحب نے مولوی حکیم مولوی نورالدین صاحب کو تار دیا۔ کہ فوراً چلے آؤ۔ وہ فوراً دلی چلے گئے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء فرمادی اور حضرت صاحب میرے تندرست ہونے سے بہت خوش ہوئے۔‘‘

وصال اور بیعت خلافت

حضرت میر ناصر نواب صاحب کے مبارک الفاظ میں حضرت مسیح موعود کے وصال مبارک اور بیعت خلافت کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

’’دس بجے کے بعد آپ کا انتقال ہوگیا۔ ایک طرف تو ہم پر آپ کے انتقال کی مصیبت پڑی تھی۔ دوسری طرف لاہور کے شورہ پشت اور بدمعاش لوگوں نے بڑا غل غپاڑہ اور شور وشر بپا کیا تھا اور ہمارے گھر کو گھیر رکھا تھا کہ ناگہاں سرکاری پولیس ہماری حفاظت کے لئے رحمت الٰہی سے آ پہنچی اور اس نے ہمیں ان شریروں کے دست تظلم سے بچا کر بحفاظت تمام ریلوے سٹیشن تک پہنچا دیا۔ ہم سرکار دولتمدار انگریزی کے نہایت شکرگزار ہیں۔ جس نے ہمیں امن دیا اور ہمارے کمینہ دشمنوں سے ہمیں بچایا۔ ہم اسی رات کو حضرت صاحب کا جنازہ لے کر بٹالہ آ پہنچے۔ یہ واقعہ 26 مئی 1908ء کا ہے۔ 27 کو قادیان میں پہنچ کر قبل از دفن ہم سب نے مولوی نورالدین کے ہاتھ پر بیعت خلافت کی۔ اس کے بعد آپ کا لقب خلیفۃ المسیح مقرر ہوا.......... مجھ پر میرا مسیح اس قدر مہربان تھا کہ میری اور اس کی چارپائی میں ایک دیوار فقط حائل ہوا کرتی تھی اور کبھی کبھی رات کو بھی کوئی خواب یا الہام ہوتا تھا تو مجھے بھی سنا دیتے تھے پھر اس کے بعد اور کی نامہربانی کا شکوہ عبث اور ہیچ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے مجھ پر کس قدر احسان ہیں۔ میرے آباء بھی تمام دنیا سے زیادہ معزز و ممتاز تھے۔ اور میرا داماد و اولاد بھی اس زمانہ کے لوگوں سے کس قدر بلند مرتبہ ہیں۔ اب ان سے کمتر لوگوں کی طرف نظر رکھنا اور ان سے کسی چیز کا آرزومند ہونا اللہ تعالیٰ کی ناشکری نہیں تو اور کیا ہے۔‘‘

(حیات ناصر صفحہ 13 تا 16)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

ڈھونڈتی ہے جلوۂ جاناں کو آنکھ
چاند سا چہرہ ہمیں دکھلائے کون

کون دکھلائے ہمیں راہ ھدیٰ
حضرتِ باری سے اب ملوائے کون

اے مسیحا ہم سے گو تو چھٹ گیا
دل سے پر الفت تیری چھڑاوے کون

☆......☆......☆

رنگ و نور کی اک کائنات

سبھی دکھوں سے غموں سے نجات پاتے رہے
جو اس دیار میں آئے حیات پاتے رہے

خدا نے ان کو اندھیروں میں روشنی بخشی
وہ رنگ و نور کی اک کائنات پاتے رہے

اسی کے فضل نے کھولیں نجات کی راہیں
اسی کے در سے سبھی التفات پاتے رہے

وہ خوش نصیب جو پہنچے درِ خلافت پر
وہ سب سکون و قرار و لذات پاتے رہے

خدا نے جس کو عطا کی ہے خلعتِ اعزاز
سب اس کے فیض سے راہِ ثبات پاتے رہے

عبدالصمد قریشی

بیت خدیجہ

بیت خدیجہ۔ برلن جرمنی کے افتتاح (17 راکتوبر 2008ء کی مناسبت سے ایک قطعہ)

جو باہم فاصلے تھے گھٹ رہے ہیں
محبت کی منادی ہو رہی ہے
جہاں حائل تھی کل دیوار برلن
وہیں بیت خدیجہ بن گئی ہے

عطاء المجیب راشد

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/5 روپے

مکرم انور ندیم علوی صاحب

محترم سیٹھ محمد یوسف آف نواب شاہ

قانون کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد خاکسار نے 1975ء میں اپنے آبائی ضلع نواب شاہ سے وکالت کا آغاز کیا۔کورٹ کے کاموں سے فارغ ہونے کے بعد کچھ دیر سٹیشن روڈ پر واقع سیٹھ محمد دین کریانہ سٹور پر ٹھہرنا قریباً روز کا معمول تھا۔اس وقت محترم سیٹھ محمد اسحٰق صاحب اور محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب دونوں بھائی ایک ہی دکان میں کاروبار کرتے تھے۔ایک دن مکرم سیٹھ محمد یوسف صاحب مجھ سے کہنے لگے ’’آپ ٹی۔آئی۔کالج سے پڑھ کر آئے ہیں۔آپ کو خدام الاحمدیہ کے تنظیمی امور کا بہت تجربہ ہوگا؟‘‘ میں نے عرض کیا ’’میں تو آج تک کبھی اپنے حلقے میں سائق بھی نہیں رہا۔‘‘ آپ مسکرائے اور کہنے لگے ’’آپ خوشخط لکھ سکتے ہیں۔اگلے اتوار نواب شاہ میں خدام کی تربیتی کلاس ہے۔قائدین کو اطلاع کر دیں۔‘‘ مقررہ تاریخ پر محمود ہال میں آپ نے آنے والے خدام سے میرا تعارف کرایا اور پھر مزید کسی تمہید کے بغیر اچانک کلاس کا پروگرام میرے حوالے کر کے خود خاموشی سے جا کر پچھلی قطار میں بیٹھ گئے۔میں بہت گھبرایا۔کسی دینی تقریب کی ’’فی البدیہہ‘‘ صدارت میرے لئے نیا تجربہ تھا۔دعا کے ساتھ اللہ کا نام لے کر پروگرام شروع کر دیا۔اس طرح محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کی راہنمائی میں خدمت سلسلہ کی ابتداء ہوئی اور پھر آپ کی برادرانہ شفقت اور توجہ سے مزید مواقع پانے کی سعادت حاصل ہوتی رہی۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب میرے محسن، مربی، اور بڑے بھائی کی طرح تھے۔تنظیمی امور میں انہوں نے گویا انگلی پکڑ کر مجھے چلنا سکھایا۔سکول والی تعلیم کم تھی مگر علم بہت زیادہ تھا۔سلسلہ کے لٹریچر کا وسیع اور عمیق مطالعہ تھا، اس پر خدا تعالیٰ نے آپ کو حافظہ کی دولت سے اس قدر نوازا تھا کہ آجکل کے گریجوایٹ آپ کے سامنے طفل مکتب نظر آتے۔تحریر بہت خوبصورت اور جامع تھی۔اعلیٰ درجے کا ادبی ذوق تھا۔نامور مصنفین کی کتابیں ہمیشہ زیر مطالعہ رہتی تھیں۔مختلف شعراء کے برمحل اشعار سے گفتگو اور تقریر کو سجا دیتے۔مزاج بڑا دھیما تھا ہمیشہ نرم لہجے میں گفتگو کرتے۔میں نے تیس سالہ رفاقت میں آپ کو کسی سے لڑتے یا تلخ لہجے میں بات کرتے نہیں سنا۔ناراض ہونا یا لڑنا انہیں آتا ہی نہ تھا۔دل کشادہ اور دسترخوان وسیع تھا۔اکرام ضیف ان کا محبوب مشغلہ تھا۔طبیعت کے سادہ و مسکین محترم سیٹھ محمد یوسف جماعتی امور کے لئے اپنی جیب سے بادشاہوں کی طرح خرچ کرتے اور اس نتیجہ میں ان پر اللہ تعالیٰ کے انعام و اکرام کے گواہ میرے علاوہ کئی دوسرے احباب بھی ہیں۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب کی پوری زندگی کو اگر چند فقروں میں سمیٹا جائے تو تصویر کچھ اس طرح بنتی ہے کہ آپ کو خلافت و خاندان اقدس۔خانۂ خدا کی تعمیر و توسیع اور خدام الاحمدیہ سے والہانہ عشق تھا۔خلافت سے قبل ایک دفعہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) کے ٹرین کے سفر کے دوران پڈعیدن سے روہڑی تک خدام کے ساتھ سفر کیا۔کھانا پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کی خدمت میں ہاتھ صاف کرنے کے لئے تولیہ پیش کیا۔سیٹھ محمد یوسف صاحب نے ہاتھ صاف کرنے والی جگہ پر نشان لگا لیا اور وہ تولیہ عقیدت اور محبت کے جذبہ سے ہمیشہ کے لئے محفوظ کر لیا۔

محترم سیٹھ صاحب اکثر رات گئے دیر تک پروگرام ترتیب دیتے رہتے کہ اگر اتنے پیسوں کا بندوبست ہوجائے تو فلاں بیت کی توسیع ہوسکتی ہے۔........... اگر اتنی رقم مل جائے تو فلاں سنٹر میں لجنہ کا ہال بن سکتا ہے۔بیوت کی تعمیر میں کشادگی اور نفاست کا خاص خیال رکھتے۔طاہر ہال کی تعمیر سے ان کی جذباتی وابستگی تھی۔مجھے تو طاہر ہال کی ایک ایک اینٹ، اس کی کھڑکیوں اور در و دیوار سے سیٹھ محمد یوسف کی عقیدت و وفا سے مہکتی ہوئی خوشبو آتی ہے

کوئی خوشبو ساتھ چلتی ہے سدا جیسے نسیم
جو بسا ہے روح میں اس کو جدا کیسے کہوں

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب نے صدر جماعت، قائد ضلع، قائد علاقہ، نائب امیر ضلع، امیر شہر اور امیر ضلع کی حیثیت سے خدمت کی توفیق پائی۔عمر کے لحاظ سے مجلس انصاراللہ میں چلے جانے کے باوجود خدام الاحمدیہ سے آپ کا تعلق ’’اولین عشق‘‘ کی طرح سدا بہار رہا۔قائد علاقہ خیرپور و سکھر کی حیثیت سے رحمٰن آباد میں مرکزی اجتماع کی طرز پر بڑے بڑے اجتماعات منعقد کئے۔خدام اپنی مجالس کی طرف سے خیمے لگاتے۔لنگر خانہ چلتا۔تین دن روحانی ماحول میں تربیتی پروگرام جاری رہتا جس میں جماعت کے جید علماء کرام کی تقاریر ہوتیں۔بعد میں ملکی قانون میں بعض ترامیم کی وجہ سے یہ سلسلہ محدود و مختصر کرنا پڑا۔سال 1982-83ء میں جب خاکسار قائد ضلع تھا اور برادرم سیٹھ محمد اشفاق صاحب نائب قائد ضلع تھے تو ضلع نواب شاہ پورے پاکستان میں مقابلہ قیادت اضلاع میں دوم آیا تو محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب بہت خوش ہوئے۔کئی مواقع پر اپنی خوشنودی کا اظہار کیا۔درحقیقت یہ اعزاز ان کی راہنمائی اور تربیت کا نتیجہ تھا۔اپنے رفقاء کی حوصلہ افزائی کے لئے اپنے کام کا کریڈٹ بھی ساتھیوں کے کھاتہ میں ڈال دیتے۔

میرے لئے یہ بہت بڑے اعزاز کی بات ہے کہ محترم یوسف صاحب نے ہر لحاظ میں مجھ سے بڑا ہونے کے باوجود نائب امیر ضلع کی حیثیت سے میرے ساتھ کام کیا۔اس دور میں طاہر ہال کی تعمیر کی بابت مرکز سے رابطہ ہوا۔اس کام کے اصل محرک خود سیٹھ محمد یوسف تھے مگر کریڈٹ ہمیشہ میرے کھاتے میں ڈال دیتے۔

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب ایک لمبا عرصہ قائد علاقہ سکھر و خیرپور ڈویژن رہے۔اس لئے صرف نواب شاہ ہی نہیں بلکہ دوسرے اضلاع کے دور دراز علاقوں سے بھی احباب اپنے مسائل کے حل اور مشورہ کے لئے آپ کے پاس آ جاتے۔آپ بڑی خندہ پیشانی سے پہلے موسم کے مطابق ان کی تواضع کرتے۔کھانے کا وقت ہوتا تو کھانے کا انتظام کراتے۔احباب کے مسائل بڑی توجہ سے سنتے۔پیرانہ سالی کے باوجود جواں سالوں کی طرح متحرک تھے۔حسب ضرورت دکان سے اٹھ کر ملحقہ دفتر میں بیٹھ جاتے اور آنے والے دوستوں کی بات توجہ سے سن کر مسئلہ حل کرنے کی مقدور بھر کوشش کرتے۔آپ کی دلنشین باتوں اور حسن سلوک سے ہر آنے والے کو محسوس ہوتا کہ وہ مسائل اور مشکلات کی دھوپ سے نکل کر ٹھنڈے سایہ دار پیڑ کے نیچے آ گیا ہے۔حقیقتاً سیٹھ محمد یوسف صاحب کا وجود حالات کی تپتی ہوئی دوپہر میں ایک ٹھنڈے سایہ دار شجر کی مانند تھا

اس بار جو ایندھن کیلئے کٹ کے گرا ہے
چڑیوں کو بڑا پیار تھا اُس بوڑھے شجر سے

1984ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی پاکستان سے ہجرت کی وجہ سے سیٹھ صاحب بہت اداس رہتے۔پھر جب آپ کا پہلا خطبہ سیٹلائٹ کے ذریعے نواب شاہ میں دیکھنے کا موقع پیدا ہوا تو بڑے پُر جوش انداز میں دوستوں کو جمع کیا اور تمام انتظامات کی خود نگرانی کرتے رہے۔ایک دفعہ اسی پس منظر میں محترم سلیم شاہجہانپوری صاحب کی موجودگی میں خاکسار نے ہجرت اور جدائی بابت دو شعر سنائے۔آنکھیں آبدیدہ ہوگئیں۔کبھی سٹیشن پر یا بس سٹاپ پر کسی مہمان کو الوداع کرنے جاتے تو یہی شعر سنانے کی فرمائش کرتے۔9 ستمبر 2008ء کی شام کو دکان بند کر کے محمود ہال کی طرف آئے۔عین محمود ہال کے دروازے کے سامنے افطاری سے ذرا پہلے انسانیت سے عاری سفاک درندوں نے فائر کر کے اس ’’صلحِ کل‘‘ شہزادے کو راہ مولیٰ میں قربان کر دیا۔تصور کی آنکھ دیکھ رہی تھی کہ کوئی آہ وزاری نہیں۔مکمل نفسِ مطمئنہ کی تصویر تھی۔برادرم سیٹھ محمد اشفاق نے آپ کا سر گود میں رکھا ہوا تھا۔سیٹھ محمد یوسف ہم سے جدا ہو رہے تھے ٹرین سے اس مسافر رہِ وفا کے اترنے کا وقت آ چکا تھا۔قریباً ایک ہزار کلومیٹر دور تصورات کی دنیا میں مجھے محسوس ہوا کہ جیسے کہہ رہے ہوں۔’’رخصت کے وقت آج وہ شعر کیوں نہیں سناتے؟‘‘ اور پھر برستی آنکھوں اور کپکپاتے ہونٹوں پر وہ شعر آ گئے

ہاتھ میرے بھول بیٹھے دستکیں دینے کا فن
بند مجھ پر جب سے اس کے گھر کا دروازہ ہوا
ریل کی سیٹی میں کیسے ہجر کی تمہید تھی
اُس کو رخصت کر کے گھر لوٹے تو اندازہ ہوا

ہمارے ہمدرد، ہمارے غمخوار، ہمارے بزرگ بھائی ہم سے جدا ہو گئے۔رمضان المبارک کا مقدس مہینہ۔خدمت سلسلہ کے دوران راہ مولیٰ میں قربانی کا اعزاز۔جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور پُرنم آنکھوں کی التجائیں ہیں۔ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس نے محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی اور محترم سیٹھ محمد یوسف کا ذکر خطبہ جمعہ میں بڑے پیارے انداز میں کیا۔بذریعہ فون لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا۔بہت بہت دعائیں کیں۔ساری جماعت کی دعائیں ڈاکٹر صدیقی کے لواحقین اور سیٹھ محمد یوسف کے لواحقین کے ساتھ ہیں۔اللہ تعالیٰ دونوں کے درجات بلند کرے۔لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور خود ان کا حافظ و ناصر ہو۔آمین

☆......☆......☆

ایمپائر سٹیٹ بلڈنگ

ایمپائر سٹیٹ بلڈنگ نیویارک کی ایک اہم ترین عمارت ہے جس نے ایک طویل عرصہ تک دنیا کی بلند ترین عمارت ہونے کا اعزاز اپنے پاس رکھا۔

102 منزلہ عظیم الشان عمارت یکم مئی 1931ء کو مکمل ہوئی تھی۔اس عمارت پر اس زمانے میں 40 کروڑ 94 لاکھ 89 ہزار ڈالر خرچ ہوئے تھے۔اس عمارت کا ڈیزائن Shreve Lamb and Harmon نے تیار کیا تھا۔ابتدائی پلاننگ کے مطابق یہ عمارت 85 منزلوں کی تعمیر کی جانی تھی۔لیکن بعد میں اس میں 17 منزلوں کا اضافہ کر دیا گیا اور یوں اس عمارت میں منزلوں کی کل تعداد 102 ہوگئی۔

ایمپائر سٹیٹ بلڈنگ کی اصل بلندی 1250 فٹ ہے۔27 جولائی 1950ء اور یکم مئی 1951ء کے عرصہ میں 222 فٹ بلند ٹیلی ویژن انٹینا نصب کیا گیا جس سے کل بلندی بڑھ کر 1472 فٹ ہوگئی۔یعنی دو فرلانگ سے بھی زیادہ۔

ایمپائر سٹیٹ بلڈنگ کی بالائی منزلوں سے بیرونی نظارہ بعض اوقات بے حد دلفریب ہوتا ہے اوپر سورج کی تیز شعاعیں چمک رہی ہوتی ہیں اور نیچے بارش ہو رہی ہوتی ہے۔

دوسری جنگ عظیم کے اواخر میں 28 جولائی 1945ء کو جب نیویارک سخت کہر میں ڈوبا ہوا تھا۔امریکن ایئرفورس کا ایک بمبار طیارہ اس عمارت کی 78ویں منزل سے ٹکرا کر پاش پاش ہوگیا۔اس واقعہ سے اس عمارت کی بلندی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

ایمپائر سٹیٹ بلڈنگ 1973ء تک دنیا کی بلند ترین عمارت ہونے کے اعزاز کی حامل رہی۔1973ء میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر کی تعمیر کے بعد یہ اعزاز ایمپائر سٹیٹ بلڈنگ سے چھن گیا۔

مکرم منور احمد خالد صاحب

امریکہ اور کینیڈا کی سیر اور جلسہ ہائے سالانہ کا احوال

نقصان پہنچانے والی چیزوں کے علاوہ بھی کئی قسم کے نشے ہوتے ہیں جن سے انسان ذہنی سکون حاصل کرتا ہے۔جس طرح بعض لوگوں کو کتابیں پڑھنے کا نشہ ہوتا ہے۔اسی طرح کا ایک نشہ ہمیں بھی ہے کہ جلسوں میں شامل ہو کر شمع رُخ انور کی جھلک دیکھی جائے کیونکہ وہ خود بھی لوگوں کے جوش وخروش کو دیکھ کر اپنے رب کی رحمت کے نشے میں ہوتے ہیں۔

آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، فجی اور جاپان کے علاوہ مغربی افریقہ کے چار ممالک گھانا ،ٹوگو، بینن اور نائیجیریا اس سال دیکھ لئے تھے مگر نہیں دیکھی تھی تو کولمبس کی دریافت نئ دنیا ابھی نہیں دیکھی تھی۔ ہمارے اور ہمارے بعد آنے والی نسلوں کے ذہنوں پر امریکی چمک دمک سوار ہے۔

اور جب یہ پتہ چلا کہ امریکہ اور کینیڈا کے اس سال کے جلسے شمع رخِ انور کی اِن میں شمولیت کی وجہ سے خصوصی برکتوں کے حامل ہونگے تو رگِ سفر ایک بار پھر پھڑک اُٹھی بلکہ اس بار ہم نے بیگم کو بھی ساتھ چلنے کی دعوت دے ڈالی جو بلاتردد منظور ہوگئی۔

یہ تو ہم جانتے تھے کہ امریکہ میں ہمارا ہیڈکوارٹر واشنگٹن D.C میں ہے اور ان کی ھدایت بھی یہی تھی کہ باہر سے آنے والے واشنگٹن D.C کے تین ائیرپورٹس پر وارد ہوں مگر گرمیوں کی چھٹیوں کی وجہ سے ہائی سیزن شروع ہو چکا تھا اس لئے اِن ہوائی اڈوں کی سیٹ یا تو ملتی نہ تھی یا بہت مہنگی تھی آخر ہم نے نقشہ دیکھ کر ایک اور قریبی ہوائی اڈہ فلاڈلفیا کی سیٹیں بک کرالیں کہ وہ بھی ہاتھ سے نہ جائیں اور مزید مہنگی نہ ہو جائیں۔ MTA کے انچارج منیر چوہدری صاحب نے اطمینان دلایا۔منیر چوہدری صاحب سے ہمارے سندھ کے حوالے سے پرانے تعلقات ہیں اور وہ ایک بار میرے پاس کوبلنز سے ہوکر بھی گئے تھے انہوں نے جب تک امریکہ میں ہماری رہائش کا پوری طرح انتظام نہ کرادیا مسلسل رابطہ رکھا انہوں نے امریکہ کے جنرل سیکرٹری صاحب سے بھی میری بات کروائی کہ انتظام ہو جائے گا۔اور پھر Email کے ذریعہ مکمل پروگرام بھجوادیا کہ فلاڈلفیا کے صدر جماعت مکرم چوہدری مجیب صاحب ہمیں ہوائی اڈہ سے وصول بھی کرینگے انہی کے ہاں رہائش ہوگی اور وہ جلسہ پر لے کر بھی جائینگے واپس بھی لائینگے جلسہ کے دوران البتہ جماعت کا اپنا انتظام ہوگا اور ہماری رہائش جماعتی انتظام کے تحت ہوگی چوہدری مجیب صاحب کا فون نمبر مجھے لکھوایا اور میرا ان کو کہ اب آپ دونوں براہ راست رابطہ رکھیں۔

وہ جو کہتے ہیں ناں کہ 'کبڑے کو لات راس آگئ' ہمارے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی معاملہ ہوا وہ اس طرح کہ جلسہ اس بار واشنگٹن میں نہیں بلکہ ریاست پنسلوانیا کے شہر Herrisberg میں ہو رہا تھا اور ہمارا ہوائی اڈہ جلسہ کے قریب ترین تھا یعنی واشنگٹن کی نسبت فلاڈلفیا سے نزدیک تر تھا۔جلسہ 18 تا 20 جون تھا ہم 16 جون کو U.S.Air پر ساڑھے گیارہ بجے سوار ہوگئے (فرینکفورٹ سے)

ائیرپورٹ پر کافی سختی تھی چونکہ ہمارے پاس تو جرمن پاسپورٹ تھے پھر جلسہ کا دعوت نامہ بھی تھا اس لئے انہوں نے مرکز میں فیکس کر کے معلوم کرلیا کہ ہم اُن کے مہمان ہیں اس لئے ہاتھ ہلکا رکھا۔باہر آئے تو مکرم چوہدری مجیب صاحب کی بیگم اور ان کے بھائی ہمارے منتظر تھے وہ گھر لے گئے شام کو مجیب صاحب بھی کام سے واپس آگئے۔ان لوگوں نے ہمیں محسوس ہی نہیں ہونے دیا کہ ہم اپنے گھر میں نہیں ہیں۔انہوں نے ہمیں حضرت مسیح موعود کے مہمان سمجھ کر جو خدمت کی وہ اپنی مثال آپ ہے۔ ہم جواب تک اکیلے سفر کیا کرتے تھے پتہ چلا بیگم ساتھ ہو تو پردیس بھی دیس ہی ہوتا ہے چنانچہ بے تکلف گھل مل گئے دو دن کھانے پینے اور سیروں میں گزر گئے۔اب ہم اکیلے سیر کریں یہ تو مناسب نہیں اس لئے آپ کو بھی شامل کرلیتے ہیں۔

سب سے پہلے تو یہ معلوم ہوا کہ فلاڈلفیا نہ صرف جدید امریکہ کا بانی شہر ہے بلکہ امریکہ میں جماعت احمدیہ کا بھی بانی شہر ہے۔یہیں سے انگریزوں سے آزادی کی تحریک چلی اس شہر کے گرد دو جنگیں ہوئیں جو فیصلہ کن ثابت ہوئیں اور جارج واشنگٹن نے یہ جنگیں جیت لیں یہیں پر سب سے پہلے 13 ستاروں والا پرچم ریاست ہائے متحدہ امریکہ لہرایا گیا اب ستاروں اور ریاستوں کی تعداد 50 ہو چکی ہے۔

Bety Ross نامی جس عورت نے یہ جھنڈا بنایا تھا وہ آج بھی اس کی قبر پر 13 ستاروں کے ساتھ آویزاں ہے اسی طرح امریکہ کی آزادی کے تمام بڑوں کی قبریں اسی شہر کے بنجمن فرینکلن Benjuman Franklin قبرستان میں ہیں۔ یہیں پر وہ آئین لکھا گیا جس پر جارج واشنگٹن اور دوسرے رہنماؤں کے دستخط ہیں نہ صرف وہ کاغذ بلکہ وہ میز کرسیاں بھی ابھی تک اپنی اصلی شکل میں محفوظ ہیں۔ جارج واشنگٹن کے مجسمہ کے علاوہ وہ گھنٹیاں بھی ہیں جو آزادی کی خوشی میں بجائی گئی تھیں۔

چنانچہ امریکیوں نے اس گھنٹی Bell of Liberty کو آزادی کی خوشی اور جوش میں اس زور سے بجایا کہ پہلے ہی دن اس گھنٹی میں دراڑ آگئی یہ اصل گھنٹی اپنے کریک سمیت Independence ہال میں محفوظ ہے بلکہ یہ ٹوٹی ہوئی گھنٹی اب امریکہ کی آزادی کا ایک سمبل بن چکی ہے جگہ جگہ اس کی نقول کریک سمیت امریکہ کے مختلف حصوں میں موجود ہیں فلاڈلفیا کے ہوائی اڈہ پر تو Lagos سے بنی ہوئی اس کی نقل اپنے کریک سمیت رکھی گئی ہے۔ جو دو جنگیں انگریزوں سے لڑی گئیں ان کی جگہیں اور نام سے ہیں Philladalfia Valley Forge اور Gillyberg کی لڑائی۔

دریائے Delver ریاست فلاڈلفیا اور ریاست نیوجرسی کی حد فاصل ہے اور یہ دریا فلاڈلفیا کے مقام پر سمندر میں گرتا ہے۔اسی جگہ Penzlanding کے نام سے وہ بندرگاہ ہے جہاں ولیم پینز William Penz اپنے بحری جہاز پر لنگر انداز ہوا تھا پھر انگریزوں سے اوپر درج کی گئی دو جنگوں کے بعد اعلان آزادی کیا گیا۔اسی ولیم پینز کا مجسمہ شہر میں نصب ہے جس کا منہ اس بندرگاہ کی طرف ہے اور ولیم پینز کی ہدایت تھی کہ شہر میں کوئی عمارت اس مجسمہ سے اونچی نہ بنائی جائے 1985 تک تو اس ہدایت پر عمل ہوا مگر اس کے بعد ضرورت ایجاد کی ماں ہے کے تحت اونچی اونچی کمرشل بلڈنگز بنانے کا زمانہ آیا تو یہ ترکیب نکالی گئی کہ مجسمہ کے منہ کی طرف کوئی اونچی عمارت نہ بنے مگر یہ مجسمہ اپنی پیٹھ پیچھے تو دیکھ نہیں سکتا اس لئے اس طرف اونچی عمارتیں بنائی جاسکتی ہیں چنانچہ یہ عمارتیں بن گئیں اور بن رہی ہیں۔

بغیر ستونوں کے کیبل برج بنانے کا رواج بھی سب سے پہلے اس شہر سے شروع ہوا اور سب سے پہلا کیبل برج اس شخص کے نام پر Takon Palmer بنا جس نے اعلان آزادی کا جھنڈا لہرایا تھا۔اب تو بہت لمبے لمبے بغیر ستونوں کے Cable Bridge بننے لگے ہیں ایک امریکی صدر Benjuman Franklin کے نام کا پل جس کا Spam دو میل ہے۔اس پل کے رسے جس باریک تار سے بنائے گئے ہیں اگر اس تار کی مجموعی لمبائی ناپی جائے تو پوری دنیا کے گرد آجائے۔ولیم پنزے کے اس مجسمہ کے پاس ہی بہت خوبصورت فوارہ ہے جسے Love Fountain کا نام دیا گیا ہے۔

امریکہ میں احمدیت

اب ذرا ورق اُلٹیں تو آج سے 88 سال قبل 15 فروری 1920ء کو حضرت مفتی محمد صادق صاحب انگلینڈ سے روانہ ہوکر 15 مارچ 1920 کو اسی شہر فلاڈلفیا کے Pier نامی ساحلی مقام پر بحری جہاز سے اترے اب اس جگہ اونچے ہوٹل اور سیرگاہ بن چکی ہے حضرت مفتی صاحب نے جہاز کے سفر میں ہی سات احمدی کرلئے تھے۔ جہاز سے باہر آنے پر آپ کی سبز پگڑی اور شیروانی دیکھ کر Immigration والوں نے روک لیا اور پوچھا آپ کس لئے آئے ہیں؟ آپ نے فرمایا میں دین حق کا مربی ہوں انہوں نے پوچھا تو کیا آپ کا تعلق چار شادیوں والے مذہب سے ہے؟ حضرت مفتی صاحب نے فرمایا آپ میرا کیس ہوم ڈیپارٹمنٹ کو بھجوادیں میں انہی کو اس سوال کا جواب دونگا چنانچہ آپ کو قید کر کے فلاڈلفیا کے سامنے دریا کے پار ریاست نیوجرسی کے شہر Camda کے Detentioin Center کی جیل میں بھجوایا گیا ایک ماہ بعد کیس چلا اس دوران آپ جیل میں ہی کئی احمدی کر چکے تھے۔جب اُن سے وہی سوال دھرایا گیا تو آپ نے بڑے احسن رنگ میں جواب دیا کہ دین حق میں دو قسم کے احکامات ہیں ایک تو لازمی ہیں دوسرے اجازت آپ جس چیز کی بات کر رہے ہیں وہ اجازت میں شامل ہے حکم نہیں اور ہم پر لازم نہیں کہ ہم وہ اجازت استعمال کریں جو ملک کے قانون کے خلاف ہو اس پر آپ کو اس تنبیہ کے ساتھ رہا کر دیا گیا کہ آپ یہاں چار شادیوں کا پرچار نہیں کریں گے۔پھر آپ نیویارک شکاگو اور مشی گن بھی تشریف لے گئے حضرت مفتی صاحب کی گرفتاری کی خبر سب سے پہلے Philladalfia Tribune نے شائع کی جس کا موجودہ نام Philladalfia Inquira ہے۔

فلاڈلفیا میں ایک زمانے میں یوں لگتا ہے چرچ کا رواج تھا اور اب یہی چرچ برائے فروخت موجود ہیں بعض لوگ اس بہتات کی وجہ سے فلاڈلفیا کو چرچوں کا شہر بھی کہتے ہیں۔

اس شہر میں یونیورسٹیاں بھی کثرت سے ہیں ہومیوپیتھی کے بانی ڈاکٹر ہانیمن کے نام پر یونیورسٹی ہوسٹل بھی اسی شہر میں ہے مگر اب وہ ہومیوپیتھی کی بجائے ایلوپیتھی میں تبدیل ہو چکا ہے۔افریقہ سے لائے ہوئے غلاموں کی فروخت کی منڈی بھی اسی شہر میں تھی فلاڈلفیا امریکہ کا پانچواں بڑا شہر ہے اور آبادی 2.8 ملین یعنی 8 لاکھ ہے۔

ریاست پنسلوانیا اپنے ڈیری فارمز کی وجہ سے بہت مشہور ہے گویا یہاں دودھ کی بھی نہریں بہتی ہیں۔

جلسہ سالانہ

18 جون کو ہم اپنے میزبانوں کے ساتھ Herrisberg پہنچے جہاں جلسہ گاہ کے لئے ہال لیا گیا تھا تو جماعت نے ہم میاں بیوی کو تو ہوٹل میں کمرہ دلادیا ہمارے میزبانوں کے کمرے پہلے ہی کسی دوسرے ہوٹل میں بک تھے۔جلسہ میں بہت پرانے امریکہ گئے ہوئے احباب سے بھی ملاقات ہوئی جن میں ڈاکٹر منیر بھامبڑی بھی شامل تھے۔اسی طرح اپنی پہلی مرحومہ بیوی کے بھتیجے مبارک اور منور کاہلوں بھی ملے جو ریاست Housten سے آئے تھے۔

امریکہ کے جلسہ میں ڈسپلن اور جلسہ کی حاضری تمام تقاریر میں برقرار رہی اس کی خوشی ہوئی شاید یہ

افریقن امریکن احمدیوں کا اخلاص ہے اس طرح کھانے کے دوران بھی کوئی افراتفری دیکھنے میں نہیں آئی۔ٹائلٹس کا بھی اتنا وسیع انتظام تھا کہ وہاں بھی لمبی لائینں نہیں لگیں اور احباب جلد فارغ ہو کر پھر جلسہ گاہ پہنچ جاتے۔

جلسہ کے تین دن پلک جھپکتے گزر گئے اور 20 جون اتوار کو ہم پھر اپنے میز بانوں کے ساتھ واپس فلاڈلفیا پہنچ گئے مگر اس تبدیلی کے ساتھ کہ چوہدری مجیب صاحب کے بھانجے نعیم احمد صاحب نے ہمیں اپنے ہاں ٹھہرانے کی اجازت لی کہ دو دن ان کو بھی حضرت مسیح موعود کے مہمانوں کی خدمت کا موقع دیا جائے اور انہوں نے بھی کوئی کسر نہ چھوڑی امریکہ بہت بڑا ملک ہے مشرق میں اگر واشنگٹن، نیویارک ہی دیکھنے ہوں تو سٹی گم ہو جاتی ہے جبکہ مغربی ساحل تو حسن اور خوبصورتی سے بھرا پڑا ہے۔اٹلانٹک سٹی ہو یا لاس اینجلس یا ھالی وڈ ان سب کو دیکھنے کے لئے کم از کم ایک سال پاکستان کا وزیر رہنا لازم ہے پھر کہا جاسکتا ہے کہ

مقام فیض کوئی راہ میں جچا ہی نہیں
جو کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے

فلاڈلفیا میں بیت ناصر دیکھی ظہر وعصر کی نمازیں ادا کیں وہاں ہم تین پاکستانیوں کے علاوہ (یعنی چوہدری نجیب اللہ صاحب خاکسار اور میری بیوی) تمام افریقن امریکن احمدی تھے اللہ ان کے اخلاص کو اور بڑھائے۔

کینیڈا

23 جون کو ہم پھر ائیر پورٹ پر تھے اب منزل کینیڈا کا شہر ٹورانٹو تھا اب کی بار جہاز پر سوار ہونے سے پہلے ہمارے جوتوں کو بھی شرف بخشا گیا کہ مشین کے اندر سے ہو کر گزریں خیر ڈیڑھ گھنٹے میں ہم ٹورانٹو پہنچ گئے۔ہمارے بھانجے مسعود کا بیٹا مطہر مسعود ائیر پورٹ سے گھر لے گیا جو پیس ولیج Peace Village میں تھا۔ یہ گاؤں جسکا نام Peace Village ہے اس میں اکثریت پُرامن لوگوں کی ہی ہے اور جلسہ کے اِن دنوں کے لئے اعلان تھا کہ جو اپنے گھر اپنے آنگن اپنی گلی کو زیادہ سجائے گا اُسے انعام دیا جائیگا اس مقابلہ کی دوڑ میں سبھی مکینوں نے دلی جذبہ سے حصہ لیا تھا اور پورے ماحول کو ایک جادوئی رنگ میں رنگ دیا تھا۔آنگن کی سبز سبز گھاس دلفریب روشنیوں اور رنگوں کا حسین امتزاج واقعی روح پرور تھا۔ ایک طرف گھر اور گلیاں رنگوں میں ڈوبی ہوئی تو دوسری طرف سجی ہوئی مگر پر وقار عالیشان بیت الذکر ہم نے غریب دلہن کے سجنے کا تو سنا تھا مگر دیکھا نہ تھا آج غریب دلہن بھی امیر لگ رہی تھی بلکہ بہت امیر یا شاید تھی ہی امیر کہ یہ ربوہ نہیں کینیڈا تھا جہا ں سجنے سنورنے پر کوئی دفعہ نہیں لگتی اور پھر ہوتا بھی کیوں نہ کہ جشن صد سالہ خلافت میں شامل ہونے کے لئے خلیفہ وقت سلطان آیا ہوتھا۔نمازوں کے اوقات میں پُر ہجوم گلیاں بیت کی طرف رواں دواں ایک عجیب منظر پیش کرتی تھیں۔عورتیں، مرد، بچے، بوڑھے، سب حضرت مسرور کی ایک جھلک دیکھ کر مسرور ہو جاتے اور دوسری جھلک کے لئے دیوانہ وار لپکتے۔

جلسہ سالانہ کینیڈا

جلسہ سالانہ کے لئے ائیر پورٹ کے پاس ہی انٹرنیشنل ہال کے کچھ حصے کرایہ پر لئے گئے تھے یہ اُسی طرح کے ہال تھے جسطرح جرمنی میں Messe کے لئے ہال ہوتے ہیں چنانچہ اِن ہالوں میں سے ایک میں مردانہ ایک میں زنانہ جلسہ گاہ اسی طرح کھانے کے لئے الگ الگ بڑے بڑے ہال تھے۔کھانا ڈبوں میں بند کر کے دیا جاتا رہا۔چند منٹوں میں لوگ فارغ ہو جاتے تھے۔رات کے کھانے کے لئے مکرم نسیم مہدی صاحب نے ہمیں خصوصی کارڈ مہمانان خاص کے دے دیئے تھے۔ابھی تین ہی دن گزرے تھے اور جلسہ کا ایک ہی دن کہ ہمارا ایک بھتیجا وسیم جو اگرچہ جرمنی سے ہی کینیڈا آیا تھا مگر ہم اُ سے بھولے ہوئے تھے۔کہ وہ بھی کینیڈا میں ہے۔ آ گیا اور بضد ہوا کہ مطہر کا مکان چھوٹا ہے آپکو یہاں دقت ہوتی ہوگی میرے ساتھ Braumpten برامپٹن چلیں وہاں آپ کو آرام ملے گا۔چنانچہ باوجود اس کے کہ ہم نے بھی بہت ضد کی یہاں ہم صبح وشام جو روحانی نظارے دیکھتے ہیں وہ ہمیں زیادہ عزیز ہیں مگر اس نے ایک نہ سنی گاڑی میں سامان کے ساتھ ہمیں بھی لادا اور اپنے گھر Braumpten لے آیا اس کا مکان واقعی وسیع وعریض تھا اور ہر سہولت مہیا تھی اس نے بھی خدمت کی انتہا کر دی جلسہ سالانہ پر لانے اور لے جانے کے علاوہ جو سیر کرائی وہ ہم اپنے طور پر کر ہی نہیں سکتے تھے۔آیئے آپ کو بھی اس میں شامل کر لیں۔

نیاگرافالز.Niagra Falls

وسیم ہمیں سیر کرانے سب سے پہلے نیاگرافالز لے کر گیا۔ہمیں بتایا گیا تھا کہ اس فال کا دن کا منظر بھی قابل دید ہے مگر رات کو منظر اور خوبصورت بن جاتا ہے۔اس لئے ہم شام سے ذرا پہلے اس جگہ پہنچے تا کہ دن کا منظر بھی دیکھ سکیں اور رات کا منظر بھی۔دنیا کا یہ عجوبہ واقعی دیکھنے والی چیز ہے۔امریکہ اور کینیڈا کی سرحد پر واقع یہ جھال کیا ہے ایک پورا دریا ہے جو پھیل کر بہت گہری کھائی میں گرتا ہے اور چار پانچ جگہ یہ دھارے ایسا منظر پیش کرتے ہیں کہ بس دیکھتے ہی رہ جائیں ہزاروں سال سے نہ پانی ختم ہوتا ہے اور نہ اس کا گرنا۔سردیوں میں اوپری تہہ جم جاتی ہے مگر پھر بھی برف کے نیچے سے پانی کے دھارے گرتے رہتے ہیں جوں جوں رات ہوتی جارہی تھی اِن دھاروں پر روشنیوں کا انعکاس قوسِ قزح کا منظر اختیار کرتا جاتا تھا۔قدرت کی اس صناعی پر حیرت گم ہوتی ہے۔اس فال کے پاس جو چھوٹا سا شہر ہے اس کو بھی روشنیوں اور رنگ برنگی جادوئی کھیلوں سے سجایا گیا ہے کہ پوری رات گزر جائے مگر انسان پر شوق رہے اور لطف اُٹھاتے رہیں ہم رات 2 بجے واپس آئے مگر دماغ میں تھا کہ ہے دیکھنے کی چیز اِسے بار بار دیکھ۔

C.N.Tower

ایک دن ہم C-N ٹاور دیکھنے گئے اس کا پورا نام ہے Canadian National Tower جو ٹورانٹو Toronto میں واقع ہے اور اس وقت تک دنیا کی بلند ترین عمارت ہے کیونکہ دوبئی میں بننے والا اس سے بھی اونچے ٹاور کا ابھی افتتاح نہیں ہوا اس لئے ابھی تک یہ دنیا کی بلند ترین عمارت ہے۔32 ڈالر کا ٹکٹ ہے ٹاور کی اونچائی 447 میٹر ہے اور اگر اس پر لگا انٹینا بھی شمار کر لیا جائے تو بلندی 553 میٹر ہو جاتی ہے۔

147 منزلیں ہیں پہلے مرحلے پر لفٹ 124 منزلوں پر لے کر جاتی ہے جہاں سے دوسری لفٹ 27 منزلیں طے کراتی ہے۔اوپر جاتے وقت لفٹ 35 سیکنڈ لیتی ہے جبکہ نیچے اترنے میں 58 سیکنڈ لگتے ہیں موسم صاف ہو تو اوپر سے نیاگرافال اور نیویارک کی سب سے بلند عمارت غالبًا Empire State Building بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔

124 ویں منزل پر ایک شیشے کا دروازہ لگا ہوا ہے یہ دروازہ نہیں بلکہ شیشے کی چھت ہے جس کے اوپر سے فرش دیکھا جاسکتا ہے اتنی بلندی سے فرش دیکھتے ہی دماغ گھوم جاتا ہے اور چکر آجاتا ہے تو پھر اس شیشے پر چلتے ہوئے 5/6 میٹر فاصلہ طے کرنا بڑے دل گردے کا کام ہے ایک بار MTA پر غالبًا 2004 کی فلم دکھائی جارہی تھی اور جس میں آقا اس ٹاور کو دیکھنے گئے تھے جب گائیڈ نے حضور کو کہا کہ اس فرش کو چل کر پار کریں تو حضور نے فرمایا آپ آگے چلیں چنانچہ وہ آگے آگے چلا تو حضور بھی اس کے پیچھے وہ شیشے کا دروازہ پار گئے میں نے آقا سے وہ تکنیک سیکھ لی اور خواہش تھی کہ اس کام میں بھی تقلید کی جائے اور آج یہ موقع آ گیا تھا وسیم دو قدم چل کر واپس آ گیا اور اس کا اور میری بیوی کا خیال تھا کہ میں بھی گھبرا کر واپس آجاؤں گا مگر آقا سے سیکھی ہوئی تکنیک یاد تھی چنانچہ

’نگہ بلند سخن دلنواز جاں پرسوز‘

پر عمل کرتے ہوئے جب میں قدم بڑھاتا ہوا نہ صرف پار کر گیا بلکہ واپس بھی آیا تو اِرد گرد دیکھنے والے بھی حیران تھے۔اب آپ ضرور پوچھنا چاہیں گے کہ وہ کیا تکنیک ہے چلو آپ کو بتا ہی دیتے ہیں بس اوپر والے شعر کے پہلے حصہ پر عمل کریں نگہ سامنے رکھیں نیچے نہ دیکھیں جتنی بار چاہیں آئیں جائیں۔بس نیچے دیکھا تو چکرا جائیں گے اس ٹاور سے دنیا کی سب سے لمبی سڑک Younge Street شروع ہوتی ہے جو 3500 کلومیٹر لمبی ہے۔

سفاری پارک

African Lions Safari Park نام کا یہ پارک بھی دیکھنے کا موقع ملا۔گاڑی کے اندر بیٹھے ہوئے چلتے جائیں شیر، چیتے، بندر، ہرن، گینڈے، زیبرا اور زرافہ کے علاوہ نیل گائے، شتر مرغ، فیل مرغ جانوروں کو کھلے ماحول میں اپنے اِرد گرد گھومتے ہوئے دیکھیں بندر تو آپ کی گاڑی کے بونٹ اور چھت پر سوار ہو جائینگے خاص طور پر جب ان کو میٹھی ٹافیوں کا لالچ نظر آجائے تو پورا خاندان آپکے گرد منڈلانے لگے گا۔یہ الگ بات ہے کہ آگے جانے پر محافظ جو آپ کو دیکھ رہے ہوتے ہیں آپ کی اس حرکت پر ناراض ہوں کہ جانوروں کو کوئی چیز دینا منع ہے۔

بعض متفرق امور

کینیڈا دس لاکھ کے قریب جھیلوں کا بڑا وسیع اور رقبے کے لحاظ سے دنیا کا دوسرا بڑا ملک ہے دنیا کی سب سے بڑی جھیل Superior اور کھارے پانی کی سب سے بڑی جھیل Macanzi بھی کینیڈا میں ہے۔نیاگرافال کی طرف جاتے ہوئے میٹھے پانی کی جھیل Ontario بھی بڑی خوبصورت ہے۔

11 صوبوں اور 3 Teretories پر مشتمل ہے۔آسٹریلیا کے Oberginies کی طرح آج کی مہذب اقوام یہاں کے قدیم باشندوں Redindians کا شکار کھیلتے رہے جب تھوڑے سے رہ گئے تو ان کی حفاظت شروع کر دی کہ ہم بڑے انسانیت نواز ہیں 11 صوبوں کے علاوہ 3 Teretories میں یہ Redindians آباد ہیں مگر یہ دوسرے صوبوں کی طرح آزاد نہیں بلکہ ان کا کنٹرول وفاق کے پاس ہے۔

سب سے امیر صوبے Ontario اور Missisauga ہیں ملک کی 45 فیصد آبادی اور انڈسٹری صوبہ Ontario میں ہے جبکہ Missisauga میں زیادہ تر آغا خانی ہیں اور یہ صوبہ ایک آغا خانی خاتون Misses-Suaga کے نام پر ہے۔

سب سے غریب صوبے مغرب میں سچوان اور ونی پیگ ہیں جن کو آباد کرنے کے لئے قوانین میں کافی نرمی ہے جبکہ دوسرے صوبوں میں Imigration کے قوانین کافی سخت ہیں سکھوں نے کینیڈا میں آباد ہونے میں بہت سرگرمی دکھائی ہے اور اپنے لوگوں کو یہاں لا کر آباد کرنے میں ہر قانونی اور غیر قانونی حربہ استعمال کیا اور اب تمام کینیڈا میں سکھ چھائے ہوئے ہیں اِن دو غریب صوبوں میں جن کا ذکر کیا گیا ہے قوانین میں کافی نرمی ہے مثلاً آپ 50/100 ایکڑز زمین خرید لیں اس زمین کو آباد کرنے کے لئے مزارعین آپ منگوا سکتے ہیں اسی طرح مخصوص قسم کے ریسٹورنٹ کے لئے باورچی منگوائے جاسکتے ہیں

وہ ٹرک ڈرائیور جنہوں نے سعودی عرب یا دبئ میں کام کیا ہو اور لائسنس دو سال پرانا ہو اُن کو تو فوری لے لیا جاتا ہے۔خواتین جنہوں نے نرسنگ کا کورس کیا ہو ان کو بھی سہولت ہے اور بھی کئی طریقے ہیں جن سے

سکھ قوم بھرپور فائدہ اٹھارہی ہے ہم جو لوگوں کے لئے وسیع میدان کھلا ہے۔ ہر چیز تحریر میں نہیں لائی جاسکتی۔

نیاگرافالز سے اتنی بجلی پیدا کی جاسکتی ہے کہ پورا ملک تمام عرصہ کے لئے خود کفیل ہوجائے لیکن قدرتی حسن تباہ نہ ہوجائے اس لئے کوئی اس طرف توجہ نہیں کرتا نہ ہی پوچھتا ہے۔ کچھ واٹرلو میں ایک علاقہ ایسا بھی ہے جسکا نام St. Kathrian ہے جہاں پر چیز نیچرل ملے گی جہاں نہ بجلی نہ گیس نہ سڑک نہ ریل ہے پانی جھیل سے لیتے ہیں تانگوں پر سواری کرتے اور قدیم طریق پر کھیتی باڑی کرتے ہیں۔ حکومت نے کوشش کی کہ ان کو جدید سہولیات مہیا کی جاویں مگر انہوں نے انکار کردیا۔ اب یہ گاؤں دنیا میں اتنا مشہور ہوچکا ہے کہ سیاح ان نیچرل طریقوں کو دیکھنے آتے ہیں اور حکومت کی آمد کا ذریعہ بنتے ہیں اس لئے اب حکومت بھی اس گاؤں کو جوں کا توں رکھنے کی قائل ہو چکی ہے۔

مکمل معلومات نہ ہونے کی وجہ سے کہ 4 جولائی جمعہ گیلگری میں ہوگا اور عظیم بیت الذکر کا افتتاح بھی ہوگا ہم نے واپسی کی سیٹ 3 جولائی کی کروائی ہوئی تھی اگر پہلے پتہ ہوتا تو دو دن لیٹ کرکے اس عظیم موقع پر موجود ہوتے۔ اس طرح ایک اور جمعہ کی سعادت حاصل ہوجاتی۔

جلسوں کا سفرنامہ

2006 میں آسٹریلیا، فجی، نیوزی لینڈ اور جاپان کے جلسوں میں شامل ہوکر واپسی میں جو سفرنامہ لکھا وہ اخبار احمدیہ کے حوالے سے بہت سے اخبارات میں شائع ہوا الفضل ربوہ، بدر قادیان ہفت روزہ لاہور لاہور۔ احباب نے اس کو پڑھا اور پسند کیا اس طرح اُن کو بھی دوسرے ملکوں کے جلسوں میں شامل ہونے کی تحریک ہوئی۔ اب اس سال افریقہ کے ممالک گھانا، ٹوگو، بینن اور نائیجیریا جانے اور وہاں تین جلسوں میں شمولیت کرتے لوگوں نے ہمیں دیکھا تو مزید جوش پیدا ہوا۔ میں نے دیکھا امریکہ کے جلسہ میں بھی اور پھر کینیڈا کے جلسوں میں شامل ہونے والے بیرون ملک سے آنے والے احباب کی تعداد خاصی تھی۔

واپسی

سات دن امریکہ اور 10 دن کینیڈا میں رہنے کے بعد 3 جولائی کو ٹورانٹو سے پھر فلاڈلفیا اور وہاں سے فرینکفرٹ واپس آگئے۔ اس دفعہ فلاڈلفیا میں صرف 3 گھنٹے کا Transit تھا فرینکفرٹ کے بورڈنگ کارڈ ہمیں ٹورانٹو سے ہی مل گئے تھے اس لئے ہم نے ہوائی اڈہ سے باہر آنا مناسب نہ سمجھا اندر ہی اندر بس کے ذریعہ ٹرمینل F سے ٹرمینل A ایک پر آگئے کچھ دیر کے بعد جہاز تیار تھا اس طرح 4 جولائی 6 بجے صبح فرینکفرٹ واپس پہنچ گئے۔ الحمد للہ

☆......☆......☆

ماخوذ

کولیسٹرول کو کنٹرول کیجئے

